چھوئی موئی کا پودا انوکھی خصوصیات کا حامل

کیا آپ چھوئی موئی کے پودے کے بارے میں جانتے ہیں؟ ذرا سا چھونے پر اپنے پتے بند کر دینے والا یہ پودا نہایت انوکھی خصوصیت کا حامل ہے۔

چھوئی موئی یا حساس پھول کے نام سے مشہور اس پودے کا اصل نام مموسا پڈیکا ہے۔اس کا اصل علاقہ لاطینی امریکا ہے۔جنگل اور درختوں کے درمیان اگنے پر اس پودے کی لمبائی 1 میٹر طویل ہو سکتی ہے۔

ان پودوں کی سب سے اہم خصوصیت ان کے پتوں کا بند ہو جانا ہے۔رات کے وقت اور اس وقت جب ان پودوں کو چھوا جائے تو ان کے پتے بند ہو جاتے ہیں۔

یہ دراصل ان پودوں کا دفاعی نظام ہے، یہ عمل ان خلیات کی وجہ سے ہوتا ہے جو چھونے پر اپنا جمع شدہ پانی تیزی سے خارج کرتے ہیں۔

یہ پتے اس وقت بند نہیں ہوتے جب تیز ہوا چلے یا پانی کا کوئی قطرہ ان پر گر جائے، صرف چھونے پر ہی یہ پتے بند ہو جاتے ہیں۔ان پودوں کا یہ دفاعی نظام ہمارے اعصابی نظام سے مماثل ہے۔

ماہرین کا کہنا ہے کہ یہ پودے یادداشت بھی رکھتے ہیں، باوجود اس کے کہ ان میں نیورونز نہیں پائے جاتے۔ یہ اس لمس کو یاد رکھتے ہیں جو ان کو کوئی نقصان نہیں پہنچاتا، اور دوبارہ اس لمس کے چھونے پر پتے بند نہیں ہوتے۔

یہ یاداشت صرف ایک ماہ تک کارآمد رہتی ہے۔ یادداشت کے معاملے میں یہ شہد کی مکھیوں سے بھی بہتر ہیں۔

ان کی جڑوں سے ایک ناخوشگوار بو بھی آتی ہے جو زیر زمین انہیں کیڑے مکوڑوں سے محفوظ رکھتی ہے۔